اُردو

Updated Edition 2025

1 PAPER Guide

PUBLICATIONS
LET'S MAKE IT HAPPEN

Best For

PPSC, FPSC, KPPSC, SPSC, BPSC, AJKPSC, NTS, STS, ETEA, FGEI, FDE, PMS, CSS-MPT & All Other Competitive Exams

Premium Features

- Topic Wise Detailed Notes
- One Liner Revision Notes & Practice MCQs At The End Of Each Topic
- Relevant Tables & Examples for Concept Clarity
- Result Oriented and Easily Understandable Notes
- 10 Years Solved Past Papers & Important Questions

For Following Jobs

- Assistant Jobs
- Assistant Director Jobs
- FBR & FIA Department Jobs
- Pera & Traffic Police Jobs
- Junior & Head Clerk Jobs
- Airport Security Force Jobs
- Police Department Posts
- All Teaching Jobs
- Tehsildar Jobs
- PMS GK
- CSS MPT
- All Other One Paper Jobs

MK PUBLICATIONS

LET'S MAKE IT HAPPEN!

Contact: 0342-4470091 | 0333-2605045

Email: mkpreparations@gmail.com

For online order
0348-4233593

@MK PREPARATIONS

Table of Content

1. قواعد زبان
2. جنس اور عدد
3. لفظ کا بیان
4. مرکب، مرکبات کی اقسام
5. نے اور کو کا استعمال
6. روزمرہ اور محاورہ
7. علم بیان
8. مشہور مصنفین اور اشعار
9. سابقہ پیپرز کے اہم سوالات
10. کثیر الانتخابی سوالات ... مشقیں

PUBLICATIONS
LET'S MAKE IT HAPPEN

PUBLICATIONS

LET'S MAKE IT HAPPEN

اردو گرائمر

Join Us For All Jobs Preparation

+92 333 2605045 , +92 342 4470091

https://www.instagram.com/mkpreparations

https://youtube.com/@mkpreparations

https://www.facebook.com/MkPreparations

https://www.tiktok.com/@mkpreparations

قواعدِ زبان

ہرزبان کے کچھ اصول اور ضابطے ہوتے ہیں، جن کے پیشِ نظر اس زبان کو صحیح طور پر سیکھا، سمجھا اور بولا جاتا ہے۔ اردو زبان کے بھی کچھ اصول اور ضابطے ہیں جنھیں قواعد یا گرامر کہا جاتا ہے۔ ان پر عبور حاصل کرنے سے ہم اردو زبان کو ٹھیک ٹھاک بول اور سمجھ سکتے ہیں۔ قواعد کے دو حصّے ہوتے ہیں: (۱) صرف (۲) نحو

قواعد کا وہ حصّہ جس میں مفرد الفاظ و حروف سے بحث کی جاتی ہے یعنی یہ لفظ واحد ہے یا جمع، مذکر ہے یا مؤنث، فعل ہے یا حرف، صَرف کہلاتا ہے۔ اس حصّے میں صرف حروف و الفاظ و کلمات ہی موضوعِ بحث ہوتے ہیں۔ قواعد کا وہ حصّہ جس میں مرکّب جملوں اور عبارتوں سے بحث کی جاتی ہے، نحو کہلاتا ہے مگر کہتے ہیں کہ:

''صَرف آتی ہے نہ بے عقل کو نحو آتی ہے''

لفظ

سادہ آواز کو حرف کہا جاتا ہے۔ اردو میں بشمول الف ممدودہ اور ہمزہ حروفِ تہجی کی تعداد اڑتیس ہے۔ ان میں سے سترہ حروف منقوط اور اکیس حروف غیر منقوط ہیں۔ علاوہ ازیں کچھ مخلوط حروف ہیں جنھیں دو چشمی ''ھ'' یا بھاری حروف بھی کہا جاتا ہے، ان کی تعداد پندرہ ہے۔ وہ مرکّب آواز جو کچھ سادہ آوازوں سے مل کر بنتی ہے، اسے لفظ کہتے ہیں مثلاً: ''عِلم'' ایک لفظ ہے جو تین حروف (ع، ل، م) سے مل کر بنا ہے۔ اسی طرح ''کھاٹ'' ایک لفظ ہے جو تین حروف (کھ، ا، ٹ) سے مل کر بنا ہے۔ جب چند الفاظ ایک خاص ترتیب سے جوڑ دیے جائیں تو وہ جملہ بن جاتا ہے۔

جُملہ

الفاظ کے ایسے مجموعے کو جس کا مفہوم واضح طور پر سمجھ میں آجائے، جُملہ کہتے ہیں۔ مثلاً: آج موسم بڑا خوش گوار ہے۔ علم بڑی دولت ہے۔ سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے، وغیرہ۔ جملے کو فقرہ بھی کہتے ہیں۔

کلمہ اور مہمل

الفاظ دو طرح کے ہوتے ہیں: بامعنی اور بے معنی۔ بامعنی لفظ کو کلمہ اور بے معنی لفظ کو مہمل کہتے ہیں۔ مثلاً پانی وانی، روٹی ووٹی، چائے وائے، سچ مچ، غلط سلط، بات چیت میں، بالترتیب پانی، روٹی، چائے، سچ، غلط، بات کو کلمہ اور وانی، ووٹی، وائے، مچ، سلط، چیت کو مہمل کہیں گے۔ یاد رہے کہ اگر مہمل پہلے سے زبان زدِ عام نہیں تو عام طور پر اردو میں مہمل واؤ سے بناتے ہیں۔ جیسے: میز ویز، کرسی ورسی، کھانا، وانا وغیرہ۔

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

مُرکّب اور ہم رتبہ جُملے

جب دو یا دو سے زیادہ جملے مل کر کسی ایک مفہوم یا خیال کو ادا کریں تو وہ مرکّب جملہ کہلائے گا۔ اگر یہ جملے نحوی اعتبار سے جداگانہ اور برابر کی حیثیت رکھتے ہوں تو ایسے جملوں کو ''ہم رتبہ'' جملے کہیں گے۔ ہم رتبہ جملے حروفِ عطف کے ذریعے باہم ملے ہوتے ہیں۔

اردو میں ان کی چار قسمیں ہو سکتی ہیں:

(۱) وصلی جملے (۲) تردیدی جملے (۳) استدراکی جملے (۴) سببی جملے

ذیل میں بالترتیب ہر ایک کی دو دو مثالیں درج کی جاتی ہیں:

وصلی جملے:

- میں آیا اور وہ چلا گیا۔
- سورج صبح کو نکلتا اور شام کو غروب ہو جاتا ہے۔

تردیدی جملے:

- اسے گھر بھیج دو یا باہر نکال دو۔
- حاکم ہمدرد ہونا چاہیے، ورنہ رعایا تباہ ہو جائے گی۔

استدراکی جملے:

- وہ وعدے تو بہت کرتا ہے لیکن یاد نہیں رکھتا۔
- ہم نے چاہا تھا کہ مر جائیں، سو وہ بھی نہ ہوا۔

سببی جملے:

- میں اُن کا ساتھ دوں گا کیوں کہ مصیبت کے وقت انھوں نے میرا ساتھ دیا تھا۔
- وہ بہت شریر اور نااہل ہے، اس لیے میں اسے منہ نہیں لگاتا۔

کلمہ کی قسمیں (۱) اسم (۲) فعل (۳) حرف

اسم: وہ کلمہ ہے جو کسی شخص، کسی جگہ، چیز یا کیفیت کا نام ہو جیسے: محمود۔ لاہور۔ پنکھا یا نام کی جگہ استعمال ہو مثلاً وہ۔ وہاں۔ اسم کا زمانے سے تعلق نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ اپنے معنی کے لیے دوسرے کا محتاج ہوتا ہے۔

فعل: وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی کے اعتبار سے مستقل ہو، جو کسی کام کا کرنا یا نہ کرنا، ہونا یا نہ ہونا بتائے اور جس میں تین زمانوں یعنی ماضی، حال اور مستقبل میں سے کوئی ایک زمانہ پایا جائے جیسے: آیا۔ جاتا تھا۔ لکھے گا۔

حرف: وہ کلمہ جو اکیلا تو کچھ معنی نہ دے لیکن دوسرے کلمات کے ساتھ مل کر معنی دے اور ان میں تعلق بھی پیدا کرے۔ وہ اپنے معنی کے اظہار کے لیے دوسرے کلمات کا محتاج ہوتا ہے۔ جیسے: میں گھر سے مسجد تک گیا۔ اس میں ''سے'' اور ''تک'' دو حرف ہیں۔

اردو گرامر

M K PREPARATIONS

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

منقوط، غیر منقوط اور بھاری حروفِ تہجی

اردو زبان میں ہندی، عربی، فارسی، انگریزی اور دیگر مقامی زبانوں کے علاوہ بھی کئی زبانوں کے الفاظ بھی شامل اور اس طرح گھل مل گئے ہیں کہ جب تک تفحص نہ کیا جائے معلوم بھی نہیں ہوتا کہ کون سا لفظ کس زبان کا ہے۔

اس خاصیّت نے اردو کو مقبول اور دل پذیر زبان بنا دیا ہے اور ہر غیر زبان بولنے والے کو اردو میں اپنائیت کی خوشبو آتی ہے اور اگر وہ اردو زبان سیکھنا چاہے تو اردو بول چال میں جلد ہی قدرت حاصل کر لیتا ہے۔

دنیا کی تمام اہم زبانوں میں حروفِ ابجد دو طرح کے ہیں: کچھ منقوط اور کچھ غیر منقوط۔ انگلش کے چھبیس بڑے حروف (Capital Letters) ہیں اور چھبیس ہی چھوٹے حروف (Small Letters) بڑے حروف میں سے کسی پر نقطہ نہیں آتا جب کہ چھوٹے حروف میں سے فقط دو حروف (I, J) ایسے ہیں جن پر نقطے ہیں مگر ہندی، عربی اور فارسی میں منقوط حروف بہت زیادہ ہیں۔ اردو کی یہ خاصیّت ہے، جو مقبولیت کا بھی بڑا سبب ہے کہ اس میں متذکرہ تمام زبانوں کے حروف شامل ہیں۔ اردو میں بشمول الف ممدودہ اور ہمزہ کل مفرد حروف کی تعداد اڑتیس ہے۔ جن میں سے سترہ منقوط اور اکیس غیر منقوط ہیں جب کہ پندرہ بھاری حروف ہیں۔ ان کی تفصیل یہ ہے:

منقوط حروف : ب، پ، ت، ث، ج، چ، خ، ذ، ژ، ش، ض، ظ، غ، ف، ق، ن (۱۷)

غیر منقوط حروف: ا، آ، ٹ، ح، د، ڈ، ر، ڑ، ، س، ص، ط، ع، ک، گ، ل، م، و، ہ، ء، ی، ے (۲۱)

بھاری حروف : بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، رھ، ڑھ، کھ، گھ، لھ، مھ، نھ (۱۵)

اس طرح بشمول منقوط، غیر منقوط اور بھاری حروف، حروفِ تہجّی کی کل تعداد ۵۳ ہے اور وہ درج ذیل ہیں:

ا، آ، ب، بھ، پ، پھ، ت، تھ، ٹ، ٹھ، ث، ج، جھ، چ، چھ، ح، خ، د، دھ، ڈ،
ڈھ، ذ، ر، رھ، ڑ، ڑھ، ز، ژ، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق، ک،
کھ، گ، گھ، ل، لھ، م، مھ، ن، نھ، و، ہ، ء، ی، ے

(۵۳)

❀❀

حروفِ شمسی و قمری

عربی زبان کی، جو ایک فصیح و بلیغ زبان ہے، ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں بعض لفظوں میں امتیاز کرنے کے لیے الف لام لگا دیتے ہیں مگر کچھ حروف ایسے ہیں کہ اگر ان سے پہلے الف لام آتا تو ہے مگر تلفّظ میں ظاہر نہیں کیا جاتا۔ جن حروف کے شروع میں الف لام نہیں پڑھا جاتا، انھیں حروفِ شمسی کہتے ہیں۔ یہ نام اس لیے دیا گیا ہے کہ جب ''الشّمس'' میں پہلے الف لام لگایا جاتا ہے، تو لام کی آواز ظاہر نہیں کی جاتی۔ جن حروف میں لام کی آواز تلفظ میں ظاہر کی جاتی ہے، انھیں حروف قمری کہتے ہیں۔ کیوں کہ ''القمر'' پر جب

بناوٹ کے قاعدے

بول چال میں رائج تذکیر اور تانیث کے علاوہ چند قواعد ایسے ہیں جن سے مذکّر نام مؤنّث اور مؤنّث اسما مذکّر کہلائے جاتے ہیں۔

مذکّر بنانے کے قاعدے:

(الف) ''الف'' اور ''ہ'' کے لاحقے اور لاحقے سے پہلے والے حرف پر زبر سے جو لفظ بنتے ہیں وہ مذکر بولے جاتے ہیں۔ جیسے:
(راج۔راجا)۔(پیار۔پیارا)۔(خاتم۔خاتمہ)۔(داخل۔داخلہ)

(ب) یائے نسبتی یعنی ''ی'' لگنے سے لفظ مذکّر بولتے ہیں جیسے: (تیل۔تیلی)۔(بھنگ۔بھنگی)۔(سیاہ۔سیاہی)

(ج) ''الف'' بڑھا کر جیسے: بھینس سے بھینسا۔بطخ سے بطخا۔

(د) ''وئی'' لگا کر۔بہن سے بہنوئی۔نند سے نندوئی۔

(ھ) وہ اسما جن کے آخر میں پن۔پنا۔آپ اور آپا ہو تو ان کو مذکّر بولتے ہیں جیسے: بھولپن۔بچپن۔بچپنا۔ملاپ۔جلاپا۔

(و) جن اسما کے آخر میں ''زار'' اور ''ستان'' کے لاحقے ہوں، مذکّر ہیں۔مثلاً گلزار۔مرغزار۔گلستان۔پاکستان۔افغانستان

(ز) وہ حاصل مصدر جن کے آخر میں لاحقہ ''آؤ'' ہو جیسے: جھکاؤ۔لگاؤ۔بہاؤ۔

مؤنث بنانے کے قاعدے:

(الف) ''ی'' کے لاحقے سے بننے والے اسما عام طور پر مؤنّث بولے جاتے ہیں جیسے: آری۔شہزادی۔کبوتری۔

(ب) کبھی مذکر اسم میں ''ن'' کا لاحقہ لگانے سے اسم مؤنّث بناتے ہیں جیسے: سنار سے سنارن۔کمھار سے کمھارن۔

(ج) ''نی'' لگا کر مؤنّث: ڈوم سے ڈومنی۔اونٹ سے اونٹنی۔شیر سے شیرنی۔مور سے مورنی۔جمعدار سے جمعدارنی۔

(د) ''انی'' لگانے سے: سیّدانی۔شیخانی۔جیٹھانی۔دیورانی۔

(ھ) وہ حاصل مصدر جن کے آخر میں ان۔آن۔وٹ ہو جیسے: اٹھان۔نپان۔بناوٹ۔کھچاوٹ۔

(و) ''گاہ'' کا لاحقہ اسم مؤنّث کی علامت ہے۔درگاہ۔قتل گاہ۔سجدہ گاہ۔رصدگاہ۔بندرگاہ۔تخت گاہ۔

(ز) ''ش'' کا لاحقہ بھی اسم مؤنّث بناتا ہے۔کوشش۔بینش۔

(ح) وہ اسما جن کے آخر میں ''ہ'' ہو۔والدہ۔معلّمہ۔ملکہ۔خادمہ۔شاعرہ۔ادیبہ۔ناصرہ۔

(ط) وہ عربی مصادر جن کے آخر میں ''ا'' ہو۔وفا۔دعا۔ہوا۔صفا۔خطا۔

لاحقوں کی مدد سے بننے والے مذکّر و مؤنّث اسما

مذکّر	مؤنّث	مذکّر	مؤنّث	مذکّر	مؤنّث	مذکّر	مؤنّث
اونٹ	اونٹنی	استاد	استانی	اداکار	اداکارہ	بکرا	بکری
بنجارا	بنجارن	بطخا	بطخ	بندر	بندریا	بندہ	بندی
بچھڑا	بچھیا	براتی	براتن	بھنگی	بھنگن	بلّا	بلّی

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

فعل

فعل: وہ کلمہ ہے جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا کسی زمانے میں معلوم ہو جیسے: نعیم آیا۔طاہر نے کتاب پڑھی۔

فعل کا تعلق زمانے کے ساتھ ہوتا ہے اور زمانے کی تین قسمیں ہیں۔

۱۔ **زمانۂ ماضی:** جو گزر چکا ہے، اسے زمانۂ ماضی کہتے ہیں۔

۲۔ **زمانۂ حال:** وہ زمانہ جو موجود ہے، اسے زمانۂ حال کہتے ہیں۔

۳۔ **زمانۂ مستقبل:** آیندہ زمانے کو زمانۂ مستقبل کہتے ہیں۔

فعل کی قسمیں

(۱) فعل ماضی (۲) فعل حال (۳) فعل مستقبل (۴) فعل مضارع (۵) فعل امر (۶) فعل نہی

(۷) فعل لازم (۸) فعل متعدی (۹) فعل معروف (۱۰) فعل مجہول (۱۱) فعل تام (۱۲) فعل ناقص

یہ یاد رہے کہ فعل کے لیے فاعل کی بھی مختلف حالتیں ہوتی ہیں مثلاً غائب، حاضر، متکلم اور پھر واحد ہوگا یا جمع ہوگا چناں چہ فعل کی چھے صورتیں اور درجے ہو جائیں گے جیسے:

(۱) واحد غائب (۲) جمع غائب (۳) واحد حاضر (۴) جمع حاضر (۵) واحد متکلم (۶) جمع متکلم

ان درجوں کو صیغے کہتے ہیں کسی فعل کو ان صیغوں میں تبدیل کرنا گردان کہلاتا ہے۔

فعل ماضی

وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا گزرے ہوئے زمانے میں معلوم ہو جیسے: ندیم گیا۔فریدہ خط لکھتی تھی۔

فعل ماضی کی قسمیں: (۱) ماضی مطلق (۲) ماضی قریب (۳) ماضی بعید (۴) ماضی شکیہ (۵) ماضی تمنائی (۶) ماضی استمراری

(۱) ماضی مطلق: وہ فعل ہے جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا صرف گزرے ہوئے زمانے میں معلوم ہو لیکن یہ معلوم نہ ہو کہ گزرا ہوا زمانہ نزدیک کا ہے یا دور کا۔مثلاً وہ آیا۔تم گئے۔

ماضی مطلق بنانے کے طریقے: (i) بعض مصدروں کے آخر سے ''نا'' ہٹا کر ''الف'' لگا دینے سے ماضی مطلق بن جاتی ہے جیسے:

لکھنا سے لکھا۔پڑھنا سے پڑھا۔دوڑنا سے دوڑا۔لکھا، پڑھا اور دوڑا ماضی مطلق ہے۔

(ii) بعض مصدروں کے آخر سے ''نا'' ہٹا کر ''یا'' لگا دینے سے ماضی مطلق بن جاتی ہے جیسے:

کھانا سے کھایا۔رونا سے رویا۔آنا سے آیا۔کھایا، رویا اور آیا ماضی مطلق ہے۔

(iii) جانا اور کرنا مصدر کی ماضی مطلق ان کے خلاف آتی ہے جانا سے ''گیا'' ماضی مطلق ہے اور کرنا سے ''کیا'' ماضی مطلق ہے۔

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

فعل مجہول

وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم نہ ہو جیسے: ''خط لکھا گیا'' اس جملے میں ''لکھا گیا'' فعل مجہول ہے۔ کیوں کہ اس کا فاعل معلوم نہیں ہے۔
فعل مجہول جس اسم پر واقع ہوتا ہے اسے نائب فاعل یا مفعول مالم یُسَمَّ فاعلہٗ کہتے ہیں۔ فعل مجہول ہمیشہ فعل متعدی سے بنتے ہیں۔ فعل لازم سے مجہول نہیں بنتا۔

فعل مجہول بنانے کا طریقہ: جس مصدر سے فعل مجہول بنانا ہو پہلے اس مصدر کو مصدر مجہول بنالیں جس کا طریقہ یہ ہے کہ اس مصدر کی ماضی مطلق کے آخر میں ''جانا'' لگا کر پہلے مصدر مجہول بنایا جائے اس کے بعد مذکورہ بالا طریقوں سے تمام قسم کے فعل مجہول بن جائیں گے جیسے: لکھنا مصدر سے فعل مجہول بنانے کے لیے اس مصدر کو مجہول بنایا ''لکھا جانا'' جس سے مثلاً ''لکھا گیا'' ماضی مطلق مجہول بن گئی اسی طرح دوسرے افعال بھی مجہول بن جاتے ہیں۔

فعل تام

وہ فعل ہے جو اگر فعل لازم ہے تو فاعل کا ذکر کر دینے کے بعد اس کے معنی مکمل ہو جائیں جیسے: سعید آیا۔ یہاں آیا ''فعل تام'' ہے۔ سعید ''فاعل'' کے ذکر کر دینے کے بعد اس کے معنی پورے ہو گئے اور اگر فعل متعدی ہے تو فاعل اور مفعول دونوں کا ذکر کر دینے کے بعد اس کے معنی مکمل ہو جائیں جیسے: اسلم نے خط لکھا۔ اس جملے میں لکھا ''فعل تام'' ہے کیوں کہ اسلم ''فاعل'' اور خط ''مفعول'' کے بعد معنی مکمل ہو گئے۔ یہ فعل تام کہلاتے ہیں۔

فعل ناقص

وہ فعل ہے جس کے ساتھ ایک اسم ذات کا ذکر کرنے کے بعد جب تک دوسرے اسم صفت کا ذکر نہ کیا جائے اس کے معنی مکمل نہ ہوں جیسے: ندیم نیک ہے۔ ''ہے'' فعل ناقص ہے ندیم کے اسم کا ذکر کرنے کے بعد جب تک ''نیک'' اسم صفت کا ذکر نہیں کیا گیا اس کے معنی مکمل نہیں ہوئے۔ فعل ناقص یہ ہیں: ہے۔ ہیں۔ ہوا۔ ہوئے۔ ہوگا۔ ہوگی۔ ہوگئیں۔ تھا۔ تھیں۔ رہا۔ بنا۔ نکلا۔ سہی وغیرہ

افعالِ معاون

افعالِ معاون یا امدادی افعال سے ایسے افعال مراد ہیں جو دوسرے فعلوں کے ساتھ مل کر مرکّب فعل بناتے ہیں جیسے ہنسا سے ہنس پڑا، دیکھا سے دیکھ چکا، رویا سے رونے لگا، پکارا سے پکار اٹھا، سنا سے سن سکا، رکھا سے رکھ لو، چلا سے چل دیا، لیٹا سے لیٹ گیا، مارا سے مار ڈالا، پیا سے پی لیا، سنایا سے سنانا چاہا وغیرہ۔ ان تمام مثالوں میں دو دو فعل استعمال ہوئے ہیں، ہر دوسرا فعل، فعلِ معاون ہے جو اصل فعل کے ساتھ مل کر مرکّب فعل بناتا ہے۔

عام طور پر فعلِ معاون اصل فعل کے بعد ہی آتا ہے جیسا کہ مندرجہ بالا مثالوں سے ظاہر ہے۔

اردو میں بالعموم استعمال ہونے والے امدادی افعال جن مصادر سے بنتے ہیں، وہ یہ ہیں:

دینا، لینا، آنا، جانا، ڈالنا، پڑنا، ہونا، بیٹھنا، اٹھنا، رہنا، چکنا، سکنا، پانا، کرنا، نکلنا، لگنا، چاہنا، رکھنا وغیرہ

مثالوں میں ''اگر'' اور ''جب'' حروفِ شرط اور ''تو'' اور ''تب'' حروفِ جزا ہیں۔

حروفِ مفاجات: مفاجات کے لغوی معنی ہیں: اچانک یا یکا یک اور حروفِ مفاجات وہ حروف ہیں جو کسی امر کے اچانک واقع ہونے پر بولے جاتے ہیں۔ مثلاً: یک بیک، یکا یک، یک بارگی، دفعتاً، اتفاقاً، ناگاہ، اچانک، ناگہاں وغیرہ

حرفِ بیان : وہ حرف جو کسی وضاحت کے لیے استعمال کیا جائے اور وہ حرف ''کہ'' ہے مثلاً: استاد نے شاگرد سے کہا کہ سبق پڑھو۔ باپ نے بیٹے سے کہا کہ محنت سے کام لو۔ وغیرہ

مترادف الفاظ

بعض الفاظ آپس میں ہم معنی ہوتے ہیں، انھیں مترادف الفاظ کہتے ہیں۔ جیسے دُکھ کا مترادف لفظ تکلیف اور سُکھ کا مترادف چین یا راحت ہے۔ اسی طرح آفتاب اور خورشید کے ایک ہی معنی ہیں۔ اردو میں سیکڑوں بلکہ ہزاروں مترادف الفاظ بول چال اور تحریر و تقریر میں بلا تامّل استعمال ہوتے ہیں۔ ذیل میں عام استعمال آنے والے مترادف الفاظ کی ایک نا تمام فہرست پیش کی جاتی ہے:

الفاظ	مترادف	الفاظ	مترادف	الفاظ	مترادف
اختر	انجم	بحر	ساگر	تاج دار	تاج ور
تحسین	توصیف	تحمّل	بردباری	تجسس	جستجو
جام	ساغر	حیرت	تعجب	حسین	جمیل
حدّت	تپش	خلوت	عزلت	زوجہ	اہلیہ
دغا	فریب	ذلّت	رسوائی	رشتہ	ناتا
رنج	الم	رجحان	میلان	راغب	مائل
زاہد	متقی	بے کنار	بیکراں	خوش الحان	خوش نوا
سخن گو	سخنور	سہو	چوک	شجر	درخت
شرم سار	نادم	شجاع	دلاور	صلح	آشتی
ضیافت	دعوت	خسارہ	نقصان	دشمن	حریف
طنطنہ	دبدبہ	عداوت	دشمنی	علم	پرچم
فلک	چرخ	قہر	غضب	قصر	ایوان
قصد	عزم	کبر	نخوت	گلشن	چمن
نغمہ	سرُود	نخل	نہال	ہجر	فراق

نویس	خوش نویس، اخبار نویس، خانہ نویس، عرضی نویس، چھٹی نویس، نمرو دنویس، خلاصہ نویس، نقشہ نویس، وقائع نویس، لغت نویس
ور	سخن ور، دیدہ ور، دانش ور، تاجور، پیشہ ور، طاقت ور، جانور، بہرہ ور، ہنرور، نامور
یاب	فتح یاب، سزا یاب، ظفر یاب، کمیاب، فیض یاب، کامیاب، زریاب، دستیاب، نایاب

مُرکّب، مُرکّبات کی اقسام

مرکّب/کلام: دو یا دو سے زیادہ با معنی لفظوں کے مجموعے کو مرکّب یا کلام کہتے ہیں۔ جیسے: میری کتاب۔ بچّہ نیک ہے۔

مرکّب/کلام کی قسمیں: (الف) مرکّبِ ناقص (ب) مرکّبِ تام

(الف) مرکب ناقص: وہ مرکّب ہے جس سے کہنے والے کا مقصد پورا نہ ہو اور بات سننے والے کی سمجھ میں پوری نہ آئے۔ جیسے: تیز گھوڑا۔ نیک آدمی۔ رات اور دن۔ ان مرکبات سے کہنے والے کا مقصد سننے والے کی سمجھ میں پوری طرح نہیں آتا۔

مرکب ناقص کی قسمیں:

(۱) مرکّبِ اضافی (۲) مرکّبِ توصیفی (۳) مرکّبِ عطفی (۴) مرکّبِ عددی
(۵) مرکّبِ اشاری (۶) مرکّبِ جاری (۷) مرکّبِ تابع موضوع (۸) مرکّبِ تابع مہمل

۱۔ مرکّبِ اضافی: دو اسموں میں تعلق پیدا کرنا اضافت کہلاتا ہے۔ مثلاً محمود کی کتاب۔ خدا کا بندہ۔ مدرسے کے لڑکے۔ ان تینوں مجموعوں میں کتاب کا تعلق محمود سے، بندہ کا تعلق خدا سے اور لڑکے کا تعلق مدرسے سے پیدا کیا گیا ہے۔ جس سے تعلق پیدا کیا گیا ہے وہ مضاف الیہ اور جس کا تعلق پیدا کیا گیا ہے وہ مضاف کہلائے گا۔ اسی مضاف الیہ اور مضاف کے مجموعے کو مرکب اضافی کہتے ہیں۔ اردو میں مضاف الیہ پہلے اور مضاف بعد میں آتا ہے۔ عربی اور فارسی میں مضاف پہلے اور مضاف الیہ بعد میں آتا ہے۔ کا۔ کی۔ کے اضافت کی علامت ہیں۔

اضافت کی قسمیں:

(i) اضافتِ تملیکی (ii) اضافتِ تخصیصی (iii) اضافتِ توضیحی (iv) اضافتِ ظرفی (v) اضافتِ بیانی
(vi) اضافتِ تشبیہی (vii) اضافتِ استعاری (viii) اضافتِ ابنی (ix) اضافتِ بہ ادنیٰ تعلق

i- **اضافتِ تملیکی:** ایسے دو لفظوں میں اضافت کرنا جن میں مضاف الیہ مالک اور مضاف مملوک ہو جیسے: ندیم کا گھر۔ فوزیہ کی کتاب۔ بادشاہ کا ملک۔

ii- **اضافتِ تخصیصی:** جس میں مضاف الیہ کی وجہ سے مضاف خاص ہو جائے مثلاً آم کا درخت۔ مدرسے کا صحن۔

iii- **اضافتِ توضیحی:** ایسے دو لفظوں کا مجموعہ جس میں مضاف الیہ کی وجہ سے مضاف کی وضاحت ہو جائے جیسے: جمعہ کا دن۔ رمضان کا مہینا۔

روزمرّہ اور محاورہ

روزمرّہ : اُس بول چال کا نام ہے جو خاص اہلِ زبان استعمال کرتے ہیں لیکن روزمرّہ میں الفاظ کے استعمال کا ایک خاص انداز ہوتا ہے اور وہ الفاظ اپنے لغوی معنی دیتے ہیں۔ اس میں قیاس کو دخل نہیں بلکہ سماعت پر دارومدار ہے۔ مثال کے طور پر انیس بیس کے فرق کو ہم بیس اکیس کا فرق اور دو چار ہاتھ کو دو پانچ ہاتھ نہیں کہہ سکتے۔

محاورہ : دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا ایسا مجموعہ ہے، جس سے حقیقی کے بجائے مجازی معنی مراد لیے جائیں۔ مثال کے طور پر سبز باغ دکھانا، آنکھ لگنا، یاد اللہ ہونا، گھوڑے بیچ کر سونا وغیرہ۔

محاورہ زبان کا زیور ہے۔ اس کے مناسب اور برمحل استعمال سے تحریر و تقریر میں ایک خاص قسم کی دل کشی اور حسن پیدا ہوجاتا ہے۔ محاورے کے الفاظ میں کمی بیشی نہیں کی جاسکتی اور نہ ہی اسے قواعدِ زبان کے اصولوں کے خلاف استعمال کیا جاسکتا ہے۔ محاورے کے استعمال میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہے اور اس مقصد کے لیے اہلِ زبان کی تحریروں کا بغور مطالعہ کرنا ضروری ہے۔ ہم ذیل میں اپنے طالب علموں کی سہولت کے لیے کچھ محاورات، ان کے معانی اور ان کا جملوں میں استعمال لکھے دیتے ہیں۔ طالب علموں پر لازم ہے کہ انھیں اَزبر کرلیں۔

محاورات	مفہوم	جملے
آبرو خاک میں ملانا	ذلیل کرنا	اُس نے اتنے بُرے کام کیے کہ اپنے بزرگوں کی آبرو خاک میں ملادی۔
آپے سے باہر ہونا	حد درجے کا غصّہ	احمد گالی سن کر آپے سے باہر ہوگیا۔
آڑے آنا	مشکل میں کام آنا	سچّا دوست وہی ہے جو مصیبت میں دوستوں کے آڑے آئے۔
آب و دانہ اٹھنا	رزق ختم ہونا	سچ ہے جب انسان کا آب و دانہ اٹھ جاتا ہے تو کوئی دوا کارگر نہیں ہوتی۔
آگ بگولا ہونا	بہت غصّے میں آنا	وہ میری بات سنتے ہی آگ بگولا ہوگیا۔
آنکھیں چُرانا	نظریں بچانا	آنکھیں کیوں چُراتے ہو، سچّے ہو تو سامنے آکر بات کرو۔
آفت کا پرکالہ ہونا	نہایت شرارتی	یہ بڑھیا تو آفت کا پرکالہ ہے، اِدھر کی اُدھر لگا کر لوگوں میں لڑائی کرادیتی ہے۔
آسمان سے باتیں کرنا	بلند و بالا	کوہِ ہمالیہ کی چوٹیاں آسمان سے باتیں کرتی ہیں۔
اپنا سا منھ لے کر رہ جانا	شرمندہ ہونا	احمد سے جب میری دلیل کا جواب نہ بن پڑا تو وہ اپنا سا منھ لے کر رہ گیا۔
اپنے منھ میاں مٹھو بننا	اپنی تعریف خود کرنا	اپنے منھ میاں مٹھو بننا کوئی خوبی نہیں، مزہ تو تب ہے کہ دوسرے لوگ آپ کی تعریف کریں۔

اردو گرامر

M K PREPARATIONS

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

ہوا سے باتیں کرنا	بہت تیز ہونا	کوچوان نے چابک دکھایا تو گھوڑا ہوا سے باتیں کرنے لگا۔
ہاتھ پاؤں مارنا	کوشش کرنا	بیچارے اسلم نے ملازمت کے لیے بہت ہاتھ پاؤں مارے لیکن کامیابی نہ ہوئی۔
یک جان، دو قالب ہونا	نہایت گہرے دوست ہونا	حامد اور محمود آپس میں یک جان، دو قالب ہیں۔
یاد اللہ ہونا	جان پہچان یا واقفیت ہونا	میرا اس سے آج کا تعلق نہیں، بہت پرانی یاد اللہ ہے۔
یدِ طولیٰ رکھنا	مکمل مہارت ہونا	حکیم محمد سعید طبّی امور میں یدِ طولیٰ رکھتے تھے۔

ضرب الامثال

ضرب کے معنی ہیں بیان کرنا اور مَثَل کے معنی ہیں مثال۔ ضرب المثل کے معنی ہوئے مثال دے کر بیان کرنا۔ ضرب المثل کو اردو میں مقولہ یا کہاوت بھی کہتے ہیں۔ اس سے مراد ایسا جملہ ہے جو مثال کے طور پر پیش کیا جائے۔ اس جملے میں جو بات کہی جائے اسے عالم گیر سچائی (Universal Truth) کا درجہ دیا جاتا ہے۔ ضرب الامثال یا کہاوتیں صدیوں کے تجربات اور انسانی زندگی کے لاتعداد مشاہدات کے جواہر پارے ہوتے ہیں اور انھیں علم و حکمت کا نچوڑ سمجھا جاتا ہے۔

بیشتر ضرب الامثال کے بارے میں کوئی نہیں جانتا کہ یہ کب سے ہیں اور کیوں کر بنی ہیں لیکن یہ ضرور ہے کہ ضرب الامثال کلام میں زور اور حسن پیدا کرتی ہیں۔ ہم اپنے طالب علموں کی سہولت اور استفادے کے لیے ذیل میں اردو ضرب الامثال کا مختصر سا انتخاب اور ان کا مفہوم اور محلِ استعمال پیش کرتے ہیں:

ضرب الامثال	مفہوم اور استعمال کا موقع محل
آپ کاج، مہا کاج	جو کام خود کیا جائے، وہ سب سے بہتر ہوتا ہے۔
آ بیل مجھے مار	خواہ مخواہ کی لڑائی مول لینا۔
آپ آئے، بھاگ آئے	آپ کے آنے سے ہمارے نصیب جاگ اٹھے۔
آخ تھو کھٹے ہیں	کسی چیز کے حصول میں ناکامی ہو تو کھسیانا پن مٹانے اور شرمندگی دور کرنے کے لیے کہتے ہیں۔
آدمی کا شیطان آدمی ہے	آدمی کو آدمی ہی بہکاتا ہے۔
آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا	ایک مصیبت سے نکل کر دوسری میں پھنس جانا۔
آج کا کام کل پر مت چھوڑو	آدمی جو کام آج کر سکتا ہو، اسے کل پر اٹھا نہ رکھو۔
اکیلا چنا کیا بھاڑ پھوڑے گا	اکیلا آدمی کچھ نہیں کر سکتا۔
ایک ایک دو گیارہ	دو آدمی مل کر اکیلے کی نسبت کہیں زیادہ کام کر سکتے ہیں۔
ایک مچھلی سارے جل کو گندہ کرتی ہے	ایک برا آدمی سارے خاندان کو بدنام کرتا ہے۔

اردو گرامر
MK PREPARATIONS

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

(ب) کل کہ کر جزو مراد لینا: بچے کے ہاتھ میں چھری دیکھ کر کہتے ہیں۔''' بیٹے! چھری رکھ دو کہیں ہاتھ نہ کٹ جائے۔'' ہاتھ تو نہیں کٹتا البتہ ہاتھ کے کسی حصے پر زخم لگ سکتا ہے۔ گویا کل کہ کر جزو مراد لیا۔ جب کوئی شخص یہ کہے کہ میں نے دنیا دیکھی ہے تو اس سے مراد یہ ہے کہ اس نے دنیا کا کچھ حصہ دیکھا ہے۔

(ج) سبب کہ کر نتیجہ مراد لینا: مثال کے طور پر یہ کہیں کہ بادل خوب برسا۔ یہاں بادل سبب ہے اس کا نتیجہ بارش ہے' کیوں کہ بادل نہیں برستا بلکہ بارش ہوتی ہے۔ گویا بادل کہ کر بارش مراد لی' یعنی سبب کہ کر مسبب یا نتیجہ مراد لیا۔

(د) مسبب کہ کر سبب مراد لینا: مثلاً یہ کہیں کہ ''آگ جل رہی۔'' آگ نہیں جلتی بلکہ لکڑی جلتی ہے۔ یہاں آگ مسبب ہے اور لکڑی سبب۔ گویا ذکر ہم نے آگ (مسبب) کا کیا اور مراد لکڑی (سبب) تھی۔

۴ کنایہ

کنایہ کے معانی ہیں اشارے سے بات کہنا اور کنایہ کی تعریف ہے: ''کسی لفظ سے ایسی بات مراد لینا جو اس کے معنوں کو لازم ہو۔'' مثلاً

شُترِ بے مہار: زبان دراز۔ بے ہودہ باتیں کرنے والا۔

پیٹ کا ہلکا: راز کی بات کہ دینے والا۔

''شُترِ بے مہار'' کا معنی ہے ''وہ اونٹ جس کی نکیل نہ ہو'' دوسرے مرکب کا معنی ہے ''پتلے اور ہلکے پیٹ والا آدمی'' لیکن جب ان کلمات سے ایسے معانی مراد لیے جائیں جو ان کے اصلی معنوں کے لیے لازمی یا صفاتی ہیں تو اس لفظ یا کلمے یا مرکب کو کنایہ کہیں گے۔ جب اونٹ کے نکیل نہ ہوگی تو لازماً وہ بلبلاتا پھرے گا۔ ہلکے پیٹ کی لازمی صفت یہ ہوگی کہ کوئی چیز اس میں نہ ٹھہرے گی۔ علمِ بیان کی یہ بہت اچھی صفت ہے جس سے بیان میں لطف پیدا ہوتا ہے اور بات واضح طور پر بیان بھی نہیں ہوتی۔

مرزا غالب کا شعر ہے:

کیوں ردِّ قدح کرے ہے زاہد مے ہے' یہ مگس کی قے نہیں ہے

قدح: پیالہ' مراد شراب (مجازِ مرسل)

مگس: مکھی' شہد کی مکھی

مگس کی قے: شہد کے معنوں میں کنایہ

غالب کا ہی ایک شعر ہے:

صبح آیا جانبِ مشرق نظر اک نگار آتشیں رخ' سر کھلا

دُوسرا مصرع آفتاب کے لیے کنایہ ہے' شاعر نے اایک چیز کے لیے بہت سی صفتیں بیان کر دی ہیں:

(۱) مشرق میں نظر آیا۔ (۲) صبح کا وقت۔ (۳) چہرہ گرم اور سرخ ہونا۔

(۴) سر جس پر کوئی پردہ نہ ہو اور بال کھلے اور پریشان ہوں۔ یہ کلیہ ہے کہ کنایہ ہمیشہ وضاحت کرنے سے زیادہ لطف دیتا ہے۔

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091
اردو گرامر
M K PREPARATIONS

مشہور مصنفین اور اشعار

اہم مصنف کے نام

نمبر شمار	نظم کا نام	مصنف کا نام
1	اُردو نظم کا پہلا شاعر	نظیر اکبر آبادی + حبیب جالب
2	عوامی شاعر	نظر اکبر آبادی
3	مرثیہ نگاری	میر انیس
4	مثنوی نگاری + سحر البیان	میر حسن
5	بابائے اُردو	مولوی عبد الحق
6	بابائے صحافت	مولانا ظفر علی خان
7	بچوں کا شاعر	اسماعیل میرٹھی
8	مزاح نگاری	مشتاق احمد یوسفی، کرنل محمد خاں، پطرس بخاری
9	رئیس الاحرار	مولانا محمد علی جوہر، حسرت موہانی
10	انشاء نگاری کا آغاز	سر سید احمد خان
11	مضمون نویسی کا آغاز	سر سید احمد خان
12	کلام طنز و مزاح	اکبر آبادی
13	اُردو ڈرامے کا سیکسپیر	آغا حشر کشمیری

M K PREPARATIONS

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

14	اُردو زبان کا چارلس ڈکنز	پنڈت رتن ہاتھ سرشار
15	اُردو کی جین آسٹن	بشریٰ رحمن
16	اُردو کے پہلے ناول نگار	ڈپٹی نذیر احمد
17	اُردو کا پہلا افسانہ نگار	منشی پریم چند
18	پہلا ڈرامہ نگار	امانت لکھنوی (پہلا ڈرامہ اندر سبھا)
19	سفر نامہ کا آغاز	یوسف کمبل پوش
20	اُردو کا پہلا سوانح نگار	مولانا الطاف حسین حالی
21	مصور غم خطاب	علامہ راشد الخیری
22	جدید غزل کے بانی	حسرت موہانی
23	اُردو کا پہلا شاعر	قلی قطب شاہ + امیر خسرو
24	اُردو کی سب سے بڑی نظم	شہنامہ اسلام
25	وقار الملک (مضمون)	مولوی عبد الحق
26	رباعی کا سب سے بڑا شاعر	عمر خیام
27	مثنوی کا سب سے بڑا شاعر + پہلا مثنوی نگار	مولانا روم

M K P R E P A R A T I O N S

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

اہم اصطلاحات

- ایسی ڈائری یا نوٹ بک جس میں شاعر اپنا کلام یا مسحب اشعار درج کرتا ہے۔ (بیاض)
- غزل کے کس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔ (مقطع)
- ایسی نظم جس میں متعدد بند ہوں اور ہر بند میں متعدد مصرے ہوں۔ (مسمط)
- جو لفظ کسی خاص وصف کی وجہ سے مشہور ہو جائے۔ (لقب)
- مرثیہ کس نوعیت کی شاعری ہے۔ (المیہ)
- شاعری کی اصطلاح میں کام میں رکیک بازاری، عامیانہ اور پامال مضامین کا استعمال "ابتذال" کہلاتا ہے۔
- ایسی مختصر کہانی جس میں دنیا کی ایک جھلک انسانی زندگی کا کوئی پہلو یا پھر سیاسی معاشی معاشرتی مسائل کا محض ایک رُخ پیش کیا گیا ہو اسے "افسانہ" کہتے ہیں۔
- شعر کے آخر میں تکرار لفظی کو "ردیف" کہتے ہیں۔
- دو جملوں کو ملانے والے الفاظ مثلاً " " کو کیا کہتے ہیں۔ (حروف عطف)
- قوائد کا وہ حصہ جس میں مرکب جملوں اور عبارتوں کی مدد سے بحث کی جاتی ہے۔ (نحو)
- ایسا فعل جس میں جب تک فاعل کے ساتھ ساتھ مفعول نہ آئے جملہ بامعنی نہ بنے۔ (فعل متعدی)

- ❖ جو اسم "اسم مصدر" سے نکلے۔ (اسم مشتق)
- ❖ تحریر میں کسی بھی نوع کے جذبے کے اظہار خیال کیلئے رُموز و اوقاف کی جو علامت استعمال ہوتی ہے۔ (فجائیہ)
- ❖ قوائد کی اس شاخ کو کیا کہتے ہیں جس میں لفظ اور اس کی ساخت پر بحث کی جاتی ہے۔ (ضرب)
- ❖ خوشی کے موقع پر جو الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ (حروف انبساط)
- ❖ ایسی واؤ جو لکھنے میں آئے لیکن پڑھنے میں نہ آئے۔ (واؤ معدولہ)
- ❖ ایسی نظم جس میں بندے باری تعالیٰ سے کچھ طلب کریں۔ (مناجات)
- ❖ جس حروف سے دکھ یا افسوس ظاہر ہو۔ حروف تاسف)

اشعار

باطل سے دبنے والے اے آسماں نہیں ہم
سو بار کر چکا ہے تو امتحاں ہمارا (علامہ محمد اقبال)

میں کس کے ہاتھ پہ اپنا لہو تلاش کروں
تمام شہر نے پہنے ہوئے ہیں دستانے (مصطفےٰ زیدی)

دائم آباد رہے گی دنیا
ہم نہ ہوں گے کوئی ہم سا ہو گا (ناصر کاظمی)

درد منت کشِ دوا نہ ہوا
میں نہ اچھا ہوا برا نہ ہوا (غالب)

پتہ پتہ بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے (میر تقی میر)

مریضِ عشق پر رحمت خدا کی
مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی (مضطرب)

مدعی لاکھ برا چاہے تو کیا ہوتا ہے
وہی ہوتا ہے جو منظورِ خدا ہوتا ہے (برق لکھنوی)

M K P R E P A R A T I O N S

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

PUBLICATIONS

LET'S MAKE IT HAPPEN

سابقہ پیپرز کے اہم سوال

Join Us For All Jobs Preparation

+92 333 2605045 , +92 342 4470091

https://www.instagram.com/mkpreparations

https://youtube.com/@mkpreparations

https://www.facebook.com/MkPreparations

https://www.tiktok.com/@mkpreparations

سابقہ پیپرز کے اہم سوالات

1۔اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں نئی تہذیب کے انڈے ہیں گندے۔ (تہذیب مغرب)

2۔مست رکھو ذکر و فکر صبح گاہی میں اسے۔ پختہ تر کر دو مزاج خانقاہی میں اسے۔(ارمغان حجاز)

3۔اسرار خودی کا ترجمہ پروفیسر نکلسن نے انگریزی میں کیا۔

4۔شیشے میں اتارنا۔گرویدہ کر لینا۔

5۔منہ رکھنا۔لحاظ رکھنا۔

6۔پھوٹ لینا۔زار و قطار رونا۔

7۔غربت کی بھی ہوتی ہے عجب صبح شام، صبح شام کا مطلب ہے بے وطن ہونا۔

8۔نواب آئے ہمارے بھاگ آئے۔خوش قسمتی۔

9۔لف بکھرائے جو وہ بت سر بازار چلا ہر طرف شور اٹھا ماز چلا ماز چلا۔ماز چلا کا مطلب سانپ۔

10۔ابن انشاء کی وجہ شہرت سفر نامہ ہے۔

11۔آبروئے غزل مولانا حسرت موہانی کو کہا جاتا ہے۔

12۔راجہ گدھ کی مصنفہ بانو قدسیہ ہے۔

13۔مشہور مثنوی سحرالبیان کا خالق۔میر حسن۔

14۔شاعر اسلام حفیظ جالندھری کو کہا جاتا ہے۔

15۔مرثیہ کے حوالے سے معتبر نام میر انیس۔

16۔شاہنامہ اسلام۔حفیظ جالندھری۔

17۔شکوہ، جواب شکوہ بانگ درا میں ہے۔

18۔رات بھر میاں کی ایک بچہ بہائی۔تکلیف بہت زیادہ فائدہ بہت کم۔

19۔آرائش محفل۔حیدر بخش حیدری

20۔آسامی۔

21۔ٹیڑھی لکیر۔عصمت چغتائی۔

22۔اردو کی سب سے بڑی نظم۔شاہنامہ اسلام۔

23۔دنیا کی سب سے بڑی نظم۔مہابھارت۔

24۔لاہور کا جغرافیہ، ہاسٹل میں رہنا۔پطرس بخاری۔

25۔کہاں راجہ بھوج اور کہاں گنگو تیلی۔

M K PREPARATIONS

سابقہ پیپرز کے اہم سوالات

26۔اپنے منہ میاں مٹھو بننا۔(to blow one's trumpet)

27۔میر حسن مثنوی نگار کی حیثیت سے مشہور ہے۔

28۔پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر۔بھرتری ہری

29۔منو بھائی کا اصل نام منیر احمد قریشی۔

30۔سونا چاندی کے مصنف منو بھائی ہے۔

31۔قرطبہ کا قاضی۔امتیاز علی تاج۔

32۔فتح کا مترادف ظفر۔

33۔طوطا کہانی۔بخش حیدری۔

34۔علامہ اقبال کا پہلا اردو شعری مجموعہ۔بانگ درا۔

35۔بہیمانہ قتل۔(a cold blooded murder)

36۔اندھیرا اجالا۔یونس جاوید۔

37۔تعلّی سے مراد شاعر کا اپنے حق میں مبالغہ کرنا۔

38۔گڈریا۔اشفاق احمد۔

39۔چاند چہرہ ستارہ آنکھیں۔عبیداللہ علیم۔

40۔ماہ تمام۔پروین شاکر۔

41۔گال کا مترادف رخسار۔

42۔الل ٹپ۔بے سوچے سمجھے۔

43۔موافق و مخالف باتیں کرنا۔(Pros and Cons)

44۔بیاض۔ڈائری جس میں شاعر اپنا کلام یا منتخب اشعار درج کرتا ہے۔

45۔خدا کی بستی۔شوکت صدیقی۔

46۔حرف آنا۔الزام آنا۔

47۔پاوں تلے زمین نکلنا۔گھبرا جانا۔

48۔تزک بابری۔آپ بیتی۔

49۔باطل سے دبنے والے اے آسماں نہیں ہم سو بار کر چکا ہے تو امتحاں ہمارا۔علامہ اقبال

50۔آنکھیں پھیر لینا۔بے مروت ہو جانا۔

M K P R E P A R A T I O N S

سابقہ پیپرز کے اہم سوالات

1. مرزا غالب کی شہرت شاعری کے علاوہ کیا تھی؟

الف)خطوط

ب)مرثیے

ج)رباعیت

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:الف)خطوط

2. ان میں سے کس شاعر نے اپنا موضوع ہجرت کو بنایا؟

الف)منیر نیازی

ب)ناصر کاظمی

ج)مرزا غالب

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)ناصر کاظمی

3. اردو کا باوا آدم کس کو کہا جاتا ہے؟

الف)امیر منائی

ب)سید عبداللہ

ج)ولی دکنی

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ج)ولی دکنی

4. خیالستان کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

الف)فرخندہ بخاری

ب)سجاد ظہیر

ج)سجاد حیدر یلدرم

د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

جواب:ج)سجاد حیدر یلدرم

5. کسی کی غیبت کرنا کیا کہلاتا ہے؟

الف)غرابت

ب)ہجو

ج)داخلیت

د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

جواب:ب)ہجو

6. علامہ اقبال کی کون سی نظم بچوں کو سکول میں پڑھائی جاتی ہے؟

الف)طلوع اسلام

ب)ہمالہ

ج)بچے کی دعا

د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

جواب:ج)بچے کی دعا

7. بال جبریل کا ترجمہ جبریل اڈاری کے نام سے کس نے کیا؟

الف)اسیر عابد

ب)خواجہ محمد زکریا

ج)مولوی عبدالحق

د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

جواب:الف)اسیر عابد

8. ان میں سے کون سی کتاب پروین شاکر کی ہے؟

الف)بند گلی میں شام

ب)عاجزانہ

ج)پھول

د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

جواب:د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

9. ان میں سے کون سا درست ہے؟

الف)سلام علیکم

ب)السلام وعلیکم

PREPARATIONS
LET'S MAKE IT HAPPEN

ج)السلام علیکم

د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

جواب:ج)السلام علیکم

10. **اردو ادب کا ایک شاہکار افسانہ آخری آدمی کس کی تصنیف ہے؟**

الف)انتظار حسین

ب)عبداللہ حسین

ج)ڈپٹی نذیر احمد

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:الف)انتظار حسین

11. **علامہ اقبال کی کون سی تصنیف ان کے انتقال کے بعد شائع ہوئی؟**

الف)ارمغان حجاز

ب)ضربِ کلیم

ج)بال جبریل

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:الف)ارمغان حجاز

12. **ہاجرہ مسرور کس حوالے سے اپنی شناخت رکھتی تھی؟**

الف)مکتوب

ب)افسانہ نگاری

ج)ڈرامہ نگاری

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)افسانہ نگاری

13. **آم کے آم گٹھلیوں کے دام اس ضربِ مثل کا کیا مطلب ہے؟**

الف)دوہرا فائدہ

ب)دوہرا نقصان

ج)نقصان

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:الف)دوہرا فائدہ

14. **لفظ اردو کس زبان سے مستعار لیا گیا؟**

الف)عربی

ب)ترکی

ج)فارسی

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)ترکی

15. **یہ شعر کس کا ہے:"میں نے جب لکھنا سیکھا تھا پہلے تیرا نام لکھا تھا"**

الف)غالب

ب)محسن بھوپالی

ج)ناصر کاظمی

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ج)ناصر کاظمی

16. **کون سے شاعر مزاح نگاری کے حوالے سے پہچانے جاتے ہیں؟**

الف)اکبر الہ آبادی

ب)کرنل محمد خان

ج)مشتاق احمد یوسفی

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:الف)اکبر الہ آبادی

MK PREPARATIONS

PREPARATIONS LET'S MAKE IT HAPPEN

21. جملہ مکمل کیجئے: تیل دیکھو تیل کی ——— دیکھو؟

الف) دور

ب) دھار

ج) آر

د) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: ب) دھار

22. اداس نسلیں کس کا ناول ہے؟

الف) احمد ندیم قاسمی

ب) عبداللہ حسین

ج) پریم چند

د) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: ب) عبداللہ حسین

23. آزاد نظم کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

الف) اسماعیل میرٹھی

ب) مرزا غالب

ج) ن م راشد

د) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: ج) ن م راشد

24. آخری شب کا ہم سفر کس کا ناول ہے؟

الف) قرت العین حیدر

ب) جمیلہ ہاشمی

ج) ہاجرہ مسرور

د) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: الف) قرت العین حیدر

17. جانگلوس اور خدا کی بستی کس کی تصانیف ہیں؟

الف) شوکت تھانوی

ب) شوکت صدیقی

ج) خدیجہ مستور

د) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: ب) شوکت صدیقی

18. علامہ اقبال کی کون سی کتاب معاشیات کے متعلق ہے؟

الف) علم الاقتصاد

ب) اسرار خودی

ج) ضرب کلیم

د) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: الف) علم الاقتصاد

19. پنکچویشن کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟

الف) توسین

ب) رموز و اوقاف

ج) سکتہ

د) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: ب) رموز و اوقاف

20. مرزا غالب کے اردو دیوان کی کتنی جلدیں ہیں؟

الف) ایک

ب) دو

ج) تین

د) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: الف) ایک

MK PREPARATIONS

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

.29 رسالہ فنون کس کی ادارت میں شائع ہوا؟

الف)مرزا غالب

ب)احمد ندیم قاسمی

ج)سر سید احمد خان

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)احمد ندیم قاسمی

.30 ماورا کس کا شعری مجموعہ ہے؟

الف)ن م راشد

ب)احمد ندیم قاسمی

ج)عبداللہ حسین

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:الف)ن م راشد

.31 مجلہ ادراک کے ادیب کا نام بتائیں؟

الف)ڈاکٹر خواجہ محمد ذکریا

ب)ڈاکٹر وزیر آغا

ج)عبداللہ حسین

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)ڈاکٹر وزیر آغا

.32 خالی جگہ پر کیجیے آج مرے کل ــــــــن

الف)دوسرا

ب)تیسرا

ج)چوتھا

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:الف)دوسرا

.25 یہ شعر کس کا ہے:"تم میرے پاس ہوتے ہو گویا، جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا"

الف)غالب

ب)مومن خان مومن

ج)فیض احمد فیض

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)مومن خان مومن

.26 اردو میں تاریخی اشارے کے لیے کون سی صنف استعمال ہوتی ہے؟

الف)داخلیت

ب)رجائیت

ج)تلمیح

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ج)تلمیح

.27 بانگ درا کتنے ادوار پر مشتمل ہے؟

الف)ایک

ب)دو

ج)تین

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ج)تین

.28 امراؤ جان ادا کس کا ناول ہے؟

الف)پریم چند

ب)مرزا ہادی رسوا

ج)شوکت صدیقی

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)مرزا ہادی رسوا

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:الف)مرزا غالب

379. **حمد، نعت اور قصیدہ کے سب سے دل آویز شعر کو کیا کہتے ہیں؟**

الف)بیت الغزل

ب)شاہ بیت

ج)شاہ نور

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)شاہ بیت

380. **انور مسعود کس مضمون کے استاد ہیں؟**

الف)اردو

ب)پنجابی

ج)فارسی

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ج)فارسی

381. **"دن کو بھی یہاں شب کی سیاہی کا سماں ہے، کہتے ہیں یہ آرام گاہ نور جہاں ہے" یہ نظم کس کی ہے؟**

الف)اسرار الحق

ب)تلوک چند محروم

ج)بانو قدسیہ

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)تلوک چند محروم

382. **تقسیم ہند کے موضوع پر ناول کون سا ہے؟**

الف)بھاگ

ب)اندھیر اجالا

ج)آگ کا دریا

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ج)آگ کا دریا

383. **بلائے طاق رکھنا کا کیا مطلب ہے؟**

الف)نقصان پہنچانا

ب)پرواہ نہ کرنا

ج)مدد کرنا

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)پرواہ نہ کرنا

384. **اصطلاح میں دیومالائی ساحری اور مذہب کے باہمی رشتوں کے متعلق ایسا علم جس نے علم الانسان کے علاوہ جدید ادب اور نفسیات پر گہرے نقوش مرتب کیے کہلاتا ہے؟**

الف)بلاغت

ب)اساطیر

ج)ایمائیت

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:ب)اساطیر

385. **قلمی نسخے، دستاویز یا غیر مطبوعہ کتاب کو کہتے ہیں؟**

الف)مخطوطہ

ب)مصحف

ج)مقدمہ

د)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:الف)مخطوطہ

386. **علامہ اقبال کی مشہور نظم شکوہ اور جواب شکوہ کی ہیت کیا ہے؟**

الف)مسدس

PUBLICATIONS

LET'S MAKE IT HAPPEN

مشقیں

Join Us For All Jobs Preparation

+92 333 2605045 , +92 342 4470091

https://www.instagram.com/mkpreparations

https://youtube.com/@mkpreparations

https://www.facebook.com/MkPreparations

https://www.tiktok.com/@mkpreparations

کثیر الانتخابی سوالات۔ مشق نمبر 1

1. اہل زبان کے ہاں بول چال کا ایسا قرینہ جو حقیقی معنی دے؟
   A. محاورہ
   B. روزمرہ
   C. ضرب المثل
   D. کہاوت
2. اہل زبان کے ہاں بول چال کا ایسا قرینہ جو غیر حقیقی معنی دے؟
   A. محاورہ
   B. روزمرہ
   C. ضرب المثل
   D. کہاوت
3. سماجی تجربات کے نچوڑ متعین مجموعہ الفاظ جو وسیع تر معنی و مفہوم کو اپنی قید میں لیں؟
   A. محاورہ
   B. روزمرہ
   C. ضرب المثل
   D. کہاوت
4. آسمان سر پر اٹھا لینا ہے؟
   A. محاورہ
   B. روزمرہ
   C. ضرب المثل
   D. کہاوت
5. انیس بیس کا فرق ہونا: قواعد کی رو سے ہے
   A. محاورہ
   B. روزمرہ
   C. ضرب المثل
   D. کہاوت
6. نا نو من تیل ہو گا نا رادھا ناچے گی: قواعد کی رو سے
   A. محاورہ
   B. روزمرہ
   C. ضرب المثل
   D. کہاوت
7. روغن قاز ملنا: سے مراد
   A. مالش کرنا
   B. تعریف کرنا
   C. خوشامد کرنا
   D. کنجوسی کرنا
8. چاہ زنخداں سے مراد:
   A. گال کا گڑھا
   B. گردن کا گڑھا
   C. ٹھوڑی کا گڑھا
   D. ہتھیلی کا گڑھا
9. چاہ غبغب سے مراد:
   A. گال کا گڑھا

PREPARATIONS
LET'S MAKE IT HAPPEN

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

B.عالم

C.بے وقوف

D.کم علم

15.سبزہ بیگانہ سے مراد

A.انجان جگہ

B.خودرو سبزہ

C.اجنبی آدمی

D.پردیس

16.قاطع الطریق سے مراد

A.رشتہ ختم کرنا

B.راہزن/ڈاکو

C.کپڑا اپھاڑنا

D.زخم دینا

17.گرگ آشنائی:سے مراد

A.بظاہر دوستی باطن دشمنی

B.بھیڑیا صفت

C.دوست ہونا

D.چالاک/مکروفریب دینے ولا

18.گرگ آشتی سے مراد

A.اچھا دوست

B.بھیڑیا صفت

C.دوست ہونا

D.چالاک/مکروفریب دینے ولا

19.سمندر بلونا محاورہ ہے:مطلب

A.سست ہونا

B.گردن کا گڑھا

C.ٹھوڑی کا گڑھا

D.ہتھیلی کا گڑھا

10.برآشفتہ سے مراد:

A.فصیلا

B.محبت والا

C.نفرت پسند

D.مغرور

11.دختر زر ابنت العنب آب انگور آب آتشیں 'آب جو سے مراد:

A.ستو

B.شراب

C.شربت

D.دولت

12.نرگس بیمار:سے مراد

A.مست آنکھ

B.بیمار آنکھ

C.آشوب چشم

D.اندھی آنکھ

13.شین قاف درست ہونا:سے مراد

A.املا درست ہونا

B.اب آجانا

C.زبان کا علم ہونا

D.تلفظ درست ہونا

14.کندہ ناتراش سے مراد:

A.کاریگر

B. ایک دوسرے سے ملاقات نا ہونا

C. آدھی ملاقات

D. چوری چھپے ملنا

25. صاحب فراش ہونا

A. زمین زاد ہونا

B. مر جانا

C. بستر سے نا اٹھ پانا

D. بہت بوڑھا ہو جانا

26. سبز قدم ہونا سے کیا مراد ہے

A. منحوس ہونا

B. خوش بخت ہونا

C. کمزور ہونا

D. طاقتور ہونا

27. عطر بود کرنا: سے مراد

A. ٹال دینا

B. جھگڑا کرنا

C. خلط ملط کر دینا

D. ملا دینا

28. زاہد سالوس سے کیا مراد ہے

A. تمام

B. نہایت عبادت گزار

C. مردم آزار شخص

D. جو اپنی ظاہری حالت سے دھوکا دے

29. حکم حاکم مرگ مفاجات: مطلب

A. حاکم کی حکم عدولی موت برابر

B. کاہل ہونا

C. سخت محنت کرنا

D. کام چور ہونا

20. کھیت رہنا: کا مطلب

A. فصل اگانا

B. ہل چلانا

C. لڑائی کرنا

D. لڑائی میں مارے جانا

21. مسجد ٹھنڈی کرنا: کا مطلب

A. مسجد بنانا

B. مسجد آباد کرنا

C. مسجد سجانا

D. مسجد گرا دینا

22. ڈھاک کے تین پات کا مطلب

A. تین اولادیں

B. جوں کا توں

C. بدل جانا

D. جدا ہونا

23. پیر فرتوت سے مراد؟

A. شرارتی

B. نالائق

C. بہت بوڑھا

D. شیطان آدمی

24. دید وادید سے مراد

A. میل ملاقات

B. موت کا مختار حاکم

C. حاکم کا حکم ماننا ہی پڑتا ہے

D. حاکم کا حکم موت

30. ہر معاملے میں ٹانگ اڑانے والے کے لیے کا جاتا ہے؟

A. کنجوس

B. آباواجداد

C. اعلی عہدے دار

D. خدائی فوج دار

31. دعوت سمرقند:

A. شاہ کی دعوت

B. پر تکلف دعوت

C. بے تکلف دعوت

D. سلطانی گواہ مرید پور کا پیر

32. دعوت شیراز

A. فقرا کی دعوت

B. پر تکلف دعوت

C. بلا تکلف دعوت

D. فقرا کی دعوت

33. گنی بوٹی ناپا شوربہ: مفہوم

A. کنجوسی

B. کفایت شعاری

C. فضول خرچی

D. گلچھرے اڑانا

34. جونپور کا قاضی: مراد

A. عالم

B. احمق

C. عادل

D. کنجوس

35. الل ٹپ سے مراد؟

A. بنا سوچے سمجھے کرنا

B. آوارہ گردی

C. برائی

D. فضول خرچی

36. شاخ زعفران؟

A. مغموم چہرہ

B. بیمار چھرہ

C. صحت مند

D. ہنستا مسکراتا

37. فاختہ اڑانا: مفہوم

A. تمام

B. مزے اڑانا

C. گلچھرے اڑانا

D. آوارہ گردی کرنا

38. بے نقط شاعری سے مراد؟

A. برا بھلا کہنا

B. بے ہنگم شاعری

C. گالم گلوچ

D. جس میں نقطہ نا ہو

39. سبک سر سے مراد

A. آداب بجالانا

MK PREPARATIONS

PREPARATIONS
LET'S MAKE IT HAPPEN

B.جان بوجھ کر انجان بننا

C.بے فکر ہونا

D.جواب نا بن پڑنا

45. تجاہل عارفانہ:

A.جان بوجھ کر انجان بننا

B.ناتجربہ کار ہونا

C.آوارہ ہونا

D.پریشان ہونا

46. طفل مکتب ہونا:

A.ناتجربہ کار ہونا

B.چھوٹی عمر ہونا

C.جاہل ہونا

D.عالم ہونا

47. ہم صغیر: سے مراد

A.ہم سفر

B.ہم آواز

C.ہم خیال

D.ہم جنس

48. عذر لنگ:

A.فضول عذر

B.لنگڑا کے چلنا

C.بہانے باز

D.تیمور لنگ

49. گولر کا پھول کھلنا:

A.بدبو پھیلنا

B.اعلی عہدے دار

C.اعلی ظرف

D.بے شرم بے عزت

40. نیاگان کہن: مفہوم

A.آباواجداد

B.تمام

C.پرانا زمانہ

D.گزرے لوگ ماضی بعید

41. مجرا کرنا/ مجرا بجالانا

A.ناچنا

B.ناچناگانا

C.گاناگانا

D.ٹال دینا

42. عصمت بی بی از بے چادری: مطلب

A.نیک نام عورت

B.نیکی جو استطاعت نا ہونے پر کریں

C.طاقت ور کی نیکی

D.بے عزت عورت

43. بھان متی کا کنبہ:

A.واہی تباہی کے لوگ

B.زیادہ اولاد

C.بے جوڑ شادی

D.شر پسند لوگ

44. بغلیں جھانکنا:

A.منہ بنانا

MK PREPARATIONS

B.خوشبو پھیلنا
C.ان ہوئی ہو جانا
D.روز مرہ کا عمل

متفرق کثیر الانتخابی سوالات - مشق نمبر 1

Question No.	Correct Answer	Question No.	Correct Answer	Question No.	Correct Answer
1	B	12	A	23	C
2	A	13	D	24	B
3	C	14	C	25	C
4	A	15	D	26	B
5	B	16	B	27	C
6	C	17	A	28	D
7	C	18	B	29	A
8	A	19	C	30	D
9	B	20	D	31	B
10	D	21	D	32	C
11	B	22	B	33	C

MK PREPARATIONS

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

متفرق کثیر الانتخابی سوالات - مشق نمبر 1

Question No.	Correct Answer
34	B
35	A
36	A
37	D
38	D
39	D

Question No.	Correct Answer
40	A
41	B
42	B
43	A
45	B
46	A

Question No.	Correct Answer
47	A
48	D
49	A
50	C

MK PREPARATIONS

PREPARATIONS
LET'S MAKE IT HAPPEN

کثیر الانتخابی سوالات- مشق نمبر 2

.1اُردو قواعد کے مصنف کون ہیں؟

A.ڈاکٹر رشید حسن خان

B.ڈاکٹر شوکت خان

C.کلیم الدین احمد سبز واری

D.ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی

" .2زبان اور قواعد زبان" کے مصنف کون ہیں؟

A.ڈاکٹر رشید حسن خان

B.ڈاکٹر شوکت خان

C.کلیم الدین احمد

D.مولوی عبدالحق

" .3نئی اُردو قواعد" کے مصنف کون ہیں؟

A.ریاض احمد

B.نیاز فتح پوری

C.عصمت جاوید

D.ممتاز حسین

" .4قواعد اردو" کے مصنف کون ہیں؟

A.ریاض احمد

B.ڈاکٹر وزیر آغا

C.مولوی عبدالحق

D.وارث سرہندی

" .5قواعد واملا کی بحث" کے مصنف کون ہیں؟

A.ریاض احمد

B.ڈاکٹر وزیر آغا

C.مولوی عبدالحق

D.وارث سرہندی

" .6کتابیات قواعد اردو" کے مصنف کون ہیں؟

A.گوپی چند نارنگ

B.قیوم ملک

C.ڈاکٹر ابو سلیمان شاہجہان پوری

D.ڈاکٹر صابر کلوروی

" .7اردو زبان و قواعد" کے مصنف کون ہیں؟

A.ڈاکٹر غلام مصطفی

B.شفیق احمد صدیقی

C.ڈاکٹر ابو سلیمان شاہجہان پوری

D.سید خالد حسین

" .8جامع القواعد حصہ نحو" کے مصنف کون ہیں؟

A.ڈاکٹر غلام مصطفی

B.شفیق احمد صدیقی

C.ڈاکٹر وزیر آغا

D.نیاز فتحپوری

" .9قواعد النحو" کے مصنف کون ہیں؟

A.ڈاکٹر غلام مصطفی

B.شفیق احمد صدیقی

MK PREPARATIONS

کثیر الانتخابی سوالات مشق نمبر 3

1. علامہ اقبال کی طویل نظم "شمع و شاعر" میں کل کتنے بند شامل ہیں؟

A. گیارہ

B. بارہ

C. پندرہ

D. تیرہ

2. " شعور اور تنقیدی شعور" کے مصنف کون ہیں؟

A. صدیق کلیم

B. شکیل الرحمن

C. عبدالقیوم

D. فراق گورکھپوری

3. " سنگ و خشت کا چنداں" کس مزاح نگار کے ریڈیائی مضامین کا مجموعہ ہے؟

A. پطرس بخاری

B. مشتاق احمد یوسفی

C. کنہیالال کپور

D. شوکت تھانوی

4. " اقبال کا فلسفہ خودی" کس کی لکھی ہوئی کتاب ہے؟

A. شفیق الرحمن

B. رشید احمد صدیقی

C. امتیاز علی تاج

D. فکر تونسوی

5. " شیر کا برقع" محاورہ ہے؟

A. بہادر ہونا

B. بزدل

C. حوصلہ کرنا

D. فقیری اور درویشی

6. " شوب پڑنا" محاورہ ہے؟

A. کپڑے کا دھویا جانا

B. پانی کا بہت زیادہ بہنا

C. سجاوٹ کرنا

D. شوخی مزاج

7. مشہور انشائیہ "مردہ بدست زندہ" کس نے تحریر کیا؟

A. مرزا فرحت اللہ بیگ

B. مشتاق احمد یوسفی

C. کنہیالال کپور

D. شفیق الرحمن

8. " چٹکیاں گدیاں" اور "سیپارہ دل" کس کے انشائیوں کے مجموعے ہیں؟

A. مولانا محمد حسین آزاد

B. سرسید

C. خواجہ حسن نظامی

D. مرزا فرحت اللہ بیگ

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

کثیر الانتخابی سوالات مشق نمبر 4

1.زبان کا سائنسی بنیادوں پر کیا جانے والا مطالعہ کہلاتا ہے؟

A.لسانیات

B.صوتیات

C.لغویات

D.معنیات

2.انسانی آوازوں کا سائنسی مطالعہ کہلاتا ہے؟

A.لسانیات

B.صوتیات

C.لغویات

D.معنیات

3.الفاظ کے معنی متعین کرنے کا علم کیا کہلاتا ہے؟

A.لسانیات

B.صوتیات

C.لغویات

D.معنیات

4.زبان میں موجود ذخیرہ الفاظ کے معنی، حیثیت و نوعیت کا علم کیا کہلاتا ہے؟

A.لسانیات

B.صوتیات

C.لغویات

D.معنیات

5.لسانیات میں الفاظ پر بحث کا علم کہلاتا ہے؟

A.نحویات

B.صرفیات

C.شمسی

D.قمری

6.لسانیات میں جملے پر بحث کا علم کہلاتا ہے؟

A.نحویات

B.صرفیات

C.شمسی

D.قمری

7.جس لفظ سے پہلے مستعمل 'ال' اپنی آواز کھو دے، وہ کہلاتا ہے؟

A.نحویات

B.صرفیات

C.شمسی

D.قمری

8.جس لفظ سے پہلے مستعمل 'ال' اپنی آواز برقرار رکھے، وہ کہلاتا ہے؟

A.نحویات

B.صرفیات

C.شمسی

D.قمری

PREPARATIONS
LET'S MAKE IT HAPPEN

کثیر الانتخابی سوالات مشق نمبر 5

.1اردو ڈرامہ نگاری کی ابتدا کس ڈرامہ نویس نے کی تھی؟

A.امانت لکھنوی

B.امتیاز علی تاج

C.شوکت تھانوی

D.ڈپٹی نذیر احمد

.2اس لفظ کو کیا کہتے ہیں اردو گرائمر کے لحاظ سے جس کے لیے معنی ادھار لیے جائیں؟

A.استعارہ

B.مستعار یہ

C.کنایہ

D.تشبیہ مشبہ

.3استعارہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

A.نقد

B.اشارہ

C.ادھار

D.قریب

.4ایسا استعارہ جس میں جو چیز مشبہ بہ سے خصوصیت رکھتی ہے اس کو مشبہ سے ثابت کرنا ہو تو اسے کیا کہیں گے؟

A.استعارہ مبالکنایہ

B.استعارہ مطلقہ

C.استعارہ مجروہ

D.استعارہ تخیلیہ

.5ایسی تحریر یا شعر جس میں مشبہ بہ ایک ساتھ آئیں اسے کیا کہتے ہیں؟

A.تشبیہ ملفوق

B.تشبیہ شاہد

C.تشبیہ ناصرہ

D.استعارہ مبالکنایہ

.7صفت ایہام سے کیا مراد ہے؟

A.خوش ہونا

B.غرور کرنا

C.ہم معنی پڑنا

D.حملہ کرنا

.9یہ جملہ اردو گرائمر کے لحاظ سے کس کی مثال ہے: "میرا شیر بیٹا ہے"؟

A.صفت مجسمہ

B.کنایہ

C.تشبیہ

D.استعارہ

MK PREPARATIONS

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091

متفرق کثیر الانتخابی سوالات - مشق نمبر 5

Question No.	Correct Answer
1	A
2	A
3	C
4	C
5	A
7	C
9	D
10	B
11	B
12	B
13	C
14	B
15	D

Question No.	Correct Answer
16	B
17	D
18	C
19	C
20	A
21	A
22	B
23	B
24	C
25	A
26	B
27	B
28	C

Question No.	Correct Answer
29	B
30	B
31	A
32	C
33	D
34	B
35	B
36	A
37	B
38	C
39	B
40	A
41	B

MK PREPARATIONS

MK PREPARATIONS: Let's Make It Happen
+92 333 2605045, +92 342 4470091